نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

لَقَدۡ کَانَ لَکُمۡ فِیۡ رَسُوۡلِ اللّٰہِ اُسۡوَۃٌ حَسَنَۃٌ

ترجمہ:۔ بے شک تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی پیروی بہتر ہے

(سورۂ احزاب ' آیت نمبر۲۱)

**سیرت پاک وہ معجزہ ھے بفضل باری ☆ اب بھی ہر سنت سرکار ھے جاری ساری**

**حضور اکرم شفیعِ اعظم مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہ ﷺ کی سیرت طیبہ اور تاریخی معلومات کا مختصر مجموعہ**

آن لائن

# سیرت کوئیز

## 2023 - ۱۴۴۵

**﴿مرتبین ۔ معلّمین و معلّماتِ﴾**

# جَامعَہُ اِسُلَامیّہُ

# وَ یَتِیم خَانہُ مُحَمّدٌ رّسُوۡلُ اللّٰہ ﷺ

**﴿ناشر﴾**

# آستانۂ عَالِیّہُ قَادِرِیّہُ بَغُدَادِیّہُ

بغدادیہ نگر' بغدادیہ روڈ' شاہی پیٹ' کڈپہ۔ آندھراپردیش۔ انڈیا۔

**حسن تعاون:** بغدادیہ آرگنائزیشن ' فاران مسلم مینارٹی ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی ' سیرت النبی ﷺ کوئیز کمیٹی'
جشن عید میلاد النبی ﷺ کمیٹی' تحریک دعوت اسلام ' بغدادیہ اسلامک ریسرچ سنٹر ' آل انڈیا ثنائے مصطفیٰ ﷺ کمیٹی '
آل انڈیا سنی تبلیغی جماعت ' انسانیت بیت المال کمیٹی ' آندھراپردیش روبرورشتہ ملاقات کمیٹی ' الفلاح آرگنائزیشن '
انٹرنیشنل قرآن فاؤنڈیشن' بغدادیہ درود شریف کمیٹی ' بغدادیہ چیاریٹیبل ٹرسٹ' بغدادیہ اسلامک پروگرامس آرگنائزنگ کمیٹی

**Cell:** 9440972157, 8179964148, 9396472578, 9394209887,
8125603964, 7416256500, 7095847313, 8978615890.

www.Jamiaislamiya.org - www.baghdadiya.org

# اَنوارِ اَسمآءِ اَللّٰہ پاک جَلّ جَلَالُہٗ

مرتب: قاضی یوسف بن یعقوب بن علی الحسنی الحسینی بغدادی ہندی کڑپہ آندھرا پردیش

قُرآن میں رَحمٰن کا فرمان ☆ اَلرَّحمٰنُ فَاسْئَلْ بِهٖ خَبِیْرًا ☆ رحمان کے بارے میں جاننے والے سے پوچھو (۵۹) سورۃ فرقان

صحیح حدیث شریف میں آیا ہے کہ محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ اِن معظم و متبرک اسمآء کا وِرد باعث حفظِ ایمان اور دخولِ جنّت کا ضامن ہے۔ اَللّٰہُ المستعان کے تمام نام پُر اَثر ہیں حُصولِ کُل مَقاصِد میں مجرّب ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## شَہنشاہِ حَقیقی اَحْکَمُ الْحٰکِمِیْن مَالِکُ الْمُلک رَبُّ الْعٰلمین میرے پَروردِگار اَللّٰہ تعالیٰ کے ننّا نوے نام

| | | |
|---|---|---|
| ۱ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | ۲ اَلرَّحْمٰنُ | ۳ اَلرَّحِیْمُ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ اَلْمَلِكُ | ۵ اَلْقُدُّوْسُ | ۶ اَلسَّلَامُ | ۷ اَلْمُؤْمِنُ | ۸ اَلْمُهَیْمِنُ | ۹ اَلْعَزِیْزُ |
| ۱۰ اَلْجَبَّارُ | ۱۱ اَلْمُتَكَبِّرُ | ۱۲ اَلْخَالِقُ | ۱۳ اَلْبَارِئُ | ۱۴ اَلْمُصَوِّرُ | ۱۵ اَلْغَفَّارُ |
| ۱۶ اَلْقَهَّارُ | ۱۷ اَلْوَهَّابُ | ۱۸ اَلرَّزَّاقُ | ۱۹ اَلْفَتَّاحُ | ۲۰ اَلْعَلِیْمُ | ۲۱ اَلْقَابِضُ |
| ۲۲ اَلْبَاسِطُ | ۲۳ اَلْخَافِضُ | ۲۴ اَلرَّافِعُ | ۲۵ اَلْمُعِزُّ | ۲۶ اَلْمُذِلُّ | ۲۷ اَلسَّمِیْعُ |
| ۲۸ اَلْبَصِیْرُ | ۲۹ اَلْحَكَمُ | ۳۰ اَلْعَدْلُ | ۳۱ اَللَّطِیْفُ | ۳۲ اَلْخَبِیْرُ | ۳۳ اَلْحَلِیْمُ |
| ۳۴ اَلْعَظِیْمُ | ۳۵ اَلْغَفُوْرُ | ۳۶ اَلشَّكُوْرُ | ۳۷ اَلْعَلِیُّ | ۳۸ اَلْكَبِیْرُ | ۳۹ اَلْحَفِیْظُ |
| ۴۰ اَلْمُقِیْتُ | ۴۱ اَلْحَسِیْبُ | ۴۲ اَلْجَلِیْلُ | ۴۳ اَلْكَرِیْمُ | ۴۴ اَلرَّقِیْبُ | ۴۵ اَلْمُجِیْبُ |
| ۴۶ اَلْوَاسِعُ | ۴۷ اَلْحَكِیْمُ | ۴۸ اَلْوَدُوْدُ | ۴۹ اَلْمَجِیْدُ | ۵۰ اَلْبَاعِثُ | ۵۱ اَلشَّهِیْدُ |
| ۵۲ اَلْحَقُّ | ۵۳ اَلْوَكِیْلُ | ۵۴ اَلْقَوِیُّ | ۵۵ اَلْمَتِیْنُ | ۵۶ اَلْوَلِیُّ | ۵۷ اَلْحَمِیْدُ |
| ۵۸ اَلْمُحْصِیْ | ۵۹ اَلْمُبْدِئُ | ۶۰ اَلْمُعِیْدُ | ۶۱ اَلْمُحْیِیْ | ۶۲ اَلْمُمِیْتُ | ۶۳ اَلْحَیُّ |
| ۶۴ اَلْقَیُّوْمُ | ۶۵ اَلْوَاجِدُ | ۶۶ اَلْمَاجِدُ | ۶۷ اَلْوَاحِدُ | ۶۸ اَلْاَحَدُ | ۶۹ اَلصَّمَدُ |
| ۷۰ اَلْقَادِرُ | ۷۱ اَلْمُقْتَدِرُ | ۷۲ اَلْمُقَدِّمُ | ۷۳ اَلْمُؤَخِّرُ | ۷۴ اَلْاَوَّلُ | ۷۵ اَلْاٰخِرُ |
| ۷۶ اَلظَّاهِرُ | ۷۷ اَلْبَاطِنُ | ۷۸ اَلْوَالِیْ | ۷۹ اَلْمُتَعَالِیْ | ۸۰ اَلْبَرُّ | ۸۱ اَلتَّوَّابُ |
| ۸۲ اَلْمُنْتَقِمُ | ۸۳ اَلْعَفُوُّ | ۸۴ اَلرَّءُوْفُ | ۸۵ اَلْمُقْسِطُ | ۸۶ اَلْجَامِعُ | ۸۷ اَلْغَنِیُّ |
| ۸۸ اَلْمُغْنِیْ | ۸۹ اَلْمُعْطِیْ | ۹۰ اَلْمَانِعُ | ۹۱ اَلضَّآرُّ | ۹۲ اَلنَّافِعُ | ۹۳ اَلنُّوْرُ |
| ۹۴ اَلْهَادِیْ | ۹۵ اَلْبَدِیْعُ | ۹۶ اَلْبَاقِیْ | ۹۷ اَلْوَارِثُ | ۹۸ اَلرَّشِیْدُ | ۹۹ اَلصَّبُوْرُ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَالِكُ الْمُلْكِ | ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ | اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ | جَلَّ جَلَالُهٗ وَعَمَّ نَوَالُهٗ |

مُفسّرِ قرآن افضل العلمآء مولوی حافظ قاری سید شاہ ابو محمد قاضی یوسف بغدادی بن یعقوب بن علی لطیفی نظامی باقوی رحمۃ اللہ علیہ

اَنوارِ اَسماءِ رسُولِ پاک ﷺ

مرتب: قاضی یوسف بن یعقوب بن علی الحسنی الحسینی بغدادی ہندی کڑپہ آندھرا پردیش

قُرآن میں رَحمٰن کا فرمان ☆ قَدْ جَآءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ ☆ یقیناً تمہارے پاس اَللّٰہ کا نُور مُحَمَّد ﷺ آگئے ہیں (۱۵) سورۃ مآئدۃ

صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں کہ جو مسلمان ہر روز اِن ناموں کا وِرد کریگا خوشحال و مالدار ہو جائیگا۔ اُسے خواب میں رسولِ پاک ﷺ کا دِیدار ہوگا۔
جو مسلمان رسولِ پاک اور آپ ﷺ کی اٰلِ پاک سے محبت رکھے گا روزِ محشر آقا ﷺ اُسکی شفاعت فرمائینگے۔ وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## شهنشاهِ اَنبیاء ومُرسَلِین میرے نَا نَا مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ الاَمِیْن (صَلَّی اللّٰه علیه واٰله وسلّم اجمعین) کے ننّا نوے نام

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ مُحَمَّدٌ ﷺ | ۲ اَحمَدُ ﷺ | ۳ حامِدٌ ﷺ | ۴ مَحمُودٌ ﷺ | | |
| ۵ قاسِمٌ | ۶ عاقِبٌ | ۷ فاتِحٌ | ۸ خاتَمٌ | ۹ حاشِرٌ | ۱۰ ماحٍ |
| ۱۱ داعٍ | ۱۲ سِراجٌ | ۱۳ رَشِيدٌ | ۱۴ مُنِيرٌ | ۱۵ بَشِيرٌ | ۱۶ نَذِيرٌ |
| ۱۷ هادٍ | ۱۸ رَسُولٌ | ۱۹ نَبِيٌّ | ۲۰ طٰهٰ | ۲۱ يٰسٓ | ۲۲ مُزَّمِّلٌ |
| ۲۳ مُدَّثِّرٌ | ۲۴ شَفِيعٌ | ۲۵ خَلِيلٌ | ۲۶ كَلِيمٌ | ۲۷ حَبِيبٌ | ۲۸ مُصطَفٰی |
| ۲۹ مُرتَضٰی | ۳۰ مُجتَبٰی | ۳۱ مُختَارٌ | ۳۲ نَاصِرٌ | ۳۳ مَنصُورٌ | ۳۴ قَآئِمٌ |
| ۳۵ حافِظٌ | ۳۶ شَهِيدٌ | ۳۷ عادِلٌ | ۳۸ حَكِيمٌ | ۳۹ نُورٌ | ۴۰ حُجَّةٌ |
| ۴۱ بُرهانٌ | ۴۲ مُؤمِنٌ | ۴۳ مُطِيعٌ | ۴۴ مُذَكِّرٌ | ۴۵ وَاعِظٌ | ۴۶ اَمِينٌ |
| ۴۷ صادِقٌ | ۴۸ مُصَدِّقٌ | ۴۹ ناطِقٌ | ۵۰ صاحِبٌ | ۵۱ مَكِّيٌّ | ۵۲ مَدَنِيٌّ |
| ۵۳ عَرَبِيٌّ | ۵۴ هاشِمِيٌّ | ۵۵ حِجازِيٌّ | ۵۶ قُرَيشِيٌّ | ۵۷ اُمِّيٌّ | ۵۸ عَزِيزٌ |
| ۵۹ حَرِيصٌ | ۶۰ رَؤُوفٌ | ۶۱ رَحِيمٌ | ۶۲ يَتِيمٌ | ۶۳ غَنِيٌّ | ۶۴ جَوَّادٌ |
| ۶۵ فَتّاحٌ | ۶۶ عالِمٌ | ۶۷ طَيِّبٌ | ۶۸ طاهِرٌ | ۶۹ مُطَهِّرٌ | ۷۰ خَطِيبٌ |
| ۷۱ فَصِيحٌ | ۷۲ سَيِّدٌ | ۷۳ مُنَقِّيٌ | ۷۴ اِمامٌ | ۷۵ بَآرٌّ | ۷۶ شافٍ |
| ۷۷ مُتَوَسِّطٌ | ۷۸ سابِقٌ | ۷۹ مُقتَصِدٌ | ۸۰ مَهدِيٌّ | ۸۱ حَقٌّ | ۸۲ مُبِينٌ |
| ۸۳ اَوَّلُ | ۸۴ اٰخِرٌ | ۸۵ ظاهِرٌ | ۸۶ باطِنٌ | ۸۷ رَحمَةٌ | ۸۸ مُحَلِّلٌ |
| ۸۹ مُحَرِّمٌ | ۹۰ اٰمِرٌ | ۹۱ ناهٍ | ۹۲ شَكُورٌ | ۹۳ قَرِيبٌ | ۹۴ مُنِيبٌ |
| ۹۵ مُبَلِّغٌ | ۹۶ طٰسٓ | ۹۷ حٰمٓ | ۹۸ حَسِيبٌ | ۹۹ اَولٰی | صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم |

تیری نسلِ پاک کا ھے بچّہ بچّہ نُور کا ☆ تُو ھے عینِ نُور تیرا سب گھرانہ نُور کا

نَواسۂ نبی وحُسَین پوتۂ عَلِی وحَسَن سِبطِ غوثُ الاَعظم سلامُ اللہِ علیہم ☆ یوسف بن یعقوب بن علی رحمۃ اللہ علیہ

# جَامِعَۂ اِسلَامِیّہ وَیَتِیم خَانۂ مُحَمّدٌ رّسُولُ اللّٰہ ﷺ

ریاست آندھراپردیش کی عظیم وقدیم اقامتی دینی درسگاہ (اسلامک یونیورسٹی) برائے طلباء وطالبات

اَللّٰہ کے فضل وکرم سے **جامعہ اسلامیہ ویتیم خانۂ محمد رسول اللہ ﷺ** کو استاذ الانسان والجنات اعلیٰ حضرت مولانا مولوی قاری قاضی سید شاہ محمد یعقوب بغدادی صاحب لطیفی باقوی مدراسی (مولداً) کڑپوی (مدفوناً) رحمۃ اللہ علیہ نے سنہ **1953** عیسوی میں قائم فرمایا۔ آپؒ اس جامعہ میں انسانوں کے علاوہ جنات کو بھی کئی برسوں تک رات کے مخصوص اوقات میں قرآن مجید کی تعلیم دیا کرتے تھے لوگ آپؒ کو استاذ العلماء والحفاظ' استاذ الاساتذہ اور استاذ الانسان والجنات' کے القابات سے یاد کرتے ہیں۔

اس جامعہ کے دوسرے شیخ الجامعہ مرشد الانسان والجنات حضرت افضل العلمآء مولانا مولوی حافظ قاری قاضی سید شاہ محمد یوسف بغدادی صاحب لطیفی باقوی نظامی کڑپوی (مولداً ومدفوناً) رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپؒ نے جامعہ اسلامیہ میں طلباء وطالبات کو برسوں تک قرآن مجید کی تعلیم دی۔ لوگ آپؒ کو استاذ العلماء والحفاظ' مرشد الانسان والجنات کے القابات سے یاد کرتے ہیں۔

الحمدللہ جامعہ اسلامیہ (شاہی پیٹ کڑپہ) ۱۳۷۲ھ موافق **1953**ء سے یعنی **72** سالوں سے دینی خدمات انجام دے رہا ہے۔ جس میں اب تک آندھراپردیش' تلنگانہ' ٹملناڈو' کرناٹک' مہاراشٹرا' یو۔پی' گجرات اور کیرالہ کے سینکڑوں ہر عمر کے طلبہ وطالبات نے تعلیم وتربیت پائی ہے۔

مدرسہ میں ناظرۂ قرآن مجید مع تجوید' حفظ قرآن مجید' دینیات' اردو' سیرت النبی ﷺ ' کلمے' دعائیں' سورے' احادیث' وضو' غسل' تیمم' طریقۂ نماز اور دین کے اہم ضروری مسائل وغیرہ سکھائے جاتے ہیں۔

اللہ کے فضل وکرم اور آپ حضرات کے تعاون سے غریب ونادار' نابالغ یتیم طلبہ اور نابالغ طالبات کیلئے تعلیم کے علاوہ قیام' طعام اور لباس وغیرہ کا مفت انتظام ہے۔ اور کتابیں بھی مفت دی جاتی ہیں۔ خواہشمند باشعور طلبہ وطالبات کو کمپیوٹر کی تعلیم دی جاتی ہے اور طالبات کو ٹیلرنگ بھی سکھائی جاتی ہے۔

مدرسہ کے اوقات:۔ صبح **9:00** بجے سے **12:30** بجے تک ☆ دوپہر **2:30** بجے سے **4:30** بجے تک
صباحیہ :۔ بعد نمازِ فجر تا **8:00** بجے تک ☆ مسائیہ :۔ بعد نمازِ مغرب تا نمازِ عشاء

آپ کے اس قدیم دینی تربیتی مدرسہ میں اپنے بچوں اور بچیوں کو داخلہ دلا کر ان کی دنیا اور آخرت کو کامیاب بنائیں۔

**اپیل**۔ اہل خیر حضرات سے گزارش ہے کہ اس مدرسہ کی چندوں ' عطیوں اور زکوٰۃ وغیرہ کے ذریعہ خود بھی مدد فرمائیں اور اپنے دوست واحباب سے بھی دلائیں' اس مدرسہ کیلئے ایک زمینی پلاٹ کی ضرورت ہے جس کی قیمت تقریباً ستر لاکھ ہے۔ آپ حضرات زمین کی خریداری کیلئے اپنی طرف سے اور اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے ایک ایک ہزار کے ٹوکن لے کر تعاون کریں۔ آپ جتنے چاہے ٹوکن لیکر اس ثواب جاریہ میں حصہ لے سکتے ہیں الحمدللہ **مسجد بغدادیہ** کی تعمیر کا کام بھی چل رہا ہے جس میں ابھی لاکھوں روپیوں کا کام باقی ہے۔ آپ اس تعمیر میں رقم یا اشیاء کے ذریعہ جس قسم سے مدد کرنا چاہیں مدد فرمائیں اور اجر عظیم پائیں۔ جزاکم اللہ فی الدنیا والآخرۃ

# شجرۂ طیبہ

محمد ﷺ . بن. عبد الله. بن. عبدالمطلب. بن. هاشم. بن.
عبدالمناف. بن. قصیٰ. بن. كلاب. بن. مرّه. بن. كعب. بن.
لوائی. بن. غالب. بن. فهر. بن. مالک. بن. قریش. بن. كنانة
. بن. خزیمه. بن. مدركه. بن. الیاس. بن. مضر. بن. نزار. بن.
معد. بن. عدنان. بن. اوا. بن. همیسع. بن. سلامان. بن.
عوض. بن. لود. بن. تسائیل. بن. ابوالعوام. بن. نائیل. بن.
حُوا. بن. بلدرام. بن. بدلان. بن. کالج. بن. واحم. بن. ناحور.
بن. ماحی. بن. عسقی. بن. عنف. بن. عبید. بن. رعا. بن.
حمران. بن. بسن. بن. یریحوی. بن. بلخی. بن. رعو. بن.
عنقا. بن. حسان. بن. عیسی. بن. افتاح. بن. ابهام. بن. معصر
. بن. ناجت. بن. رزاح. بن. سماحی. بن. مرو. بن. نبت. بن.
حمل. بن. قیدار. بن. اسمعیل علیه السلام. بن. ابراهیم
علیه السلام. بن. تارخ. بن. ناحور. بن. سروخ. بن. رعو
. بن. پلک. بن. هود. بن. شلح. بن. قینان. بن. ارفکشد. بن.
سام. بن. نوح علیه السلام. بن. لمک. بن. متوشلح. بن.
ادریس علیه السلام. بن. یارو. بن. مهلائیل. بن. قینان. بن.
انوش. بن. شیث علیه السلام. بن. آدم علیه السلام

(1) ☆ سوال: اللہ نے سب سے پہلے کس کے نور کو پیدا کیا ؟

☆ جواب: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو !

***

(2) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک کیا ہے ؟

☆ جواب: '' محمد صلی اللہ علیہ وسلم '' ہے !

***

(3) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کس وقت کس دن کو ہوئی ؟

☆ جواب: '' صبح صادق کے وقت' دوشنبہ (پیر) کے دن ہوئی '' !

***

(4) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کس قمری وعیسوی مہینے اور تاریخ کو ہوئی ؟

☆ جواب: ''ربیع الاول کی بارہ (12) تاریخ' 22 اپریل 571 عیسوی کو ہوئی'' !

***

(5) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے سب سے پہلے کونسا کلام فرمایا؟

☆ جواب: اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ٥ !

***

(6) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت آدم علیہ السلام کے کتنے سال بعد پیدا ہوئے؟

☆ جواب: چھ ہزار ایک سو پچپن (۶۱۵۵) سال بعد پیدا ہوئے !

***

(7) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کتنی عمر میں بہت صاف صاف گفتگو فرمانے لگے ؟

☆ جواب: نو (۹) ماہ کی عمر میں !(آپ ﷺ کی زندگی بھر یہ شان کریمہ تھی کہ آپ ﷺ صاف صاف گفتگو فرماتے تھے)

***

(8) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کتنی عمر میں بچوں کے ساتھ تیر چلاتے تھے ؟

☆ جواب: دس (۱۰) مہینے کی عمر میں !

***

(9) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بچپن میں کس حوض میں تیرنا سیکھا ؟

☆ جواب: بَنِیْ عَدِیْ بِنْ النَّجَّارْ کے حوض میں ! (یہ قبیلہ حضور ﷺ کا ننھیال ہے (نانا کا گھر)

***

(10) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے بھائی اور بہنیں ہیں ؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے والدین کے اکلوتے بیٹے ہیں !

(11)☆ سوال: حضور ﷺ کے مونڈھوں کے درمیان ''مہر نبوت'' کس نے لگائی ؟

☆ جواب: جنت کے دربان فرشتے ''رضوان'' نے لگائی !(آپ ﷺ کو مہر نبوت پیدائشی تھی)

********************************************************************

(12)☆ سوال: حضور ﷺ کی میلاد (میلاد النبی) ہم کس مہینے کی کس تاریخ کو مناتے ہیں ؟

☆ جواب: '' ربیع الاول کی بارہ 12 تاریخ '' کو !

********************************************************************

(13)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت کیا ہے ؟

☆ جواب: '' ابوالقاسم '' !

********************************************************************

(14)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نام اور کنیت کے متعلق کیا فرمایا ؟

☆ جواب: میرا نام رکھو لیکن میری کنیت نہ رکھو ! (حضور ﷺ کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے)

********************************************************************

(15)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کس مکان میں ہوئی ؟

☆ جواب: مکہ کے اس مکان میں ہوئی جو بعد میں محمد بن یوسف کے مکان سے مشہور ہوا !

********************************************************************

(16)☆ سوال: محمد بن یوسف نے اس مکان کا نام کیا رکھا ؟

☆ جواب: '' بَیْضَاء '' رکھا ! (سفید گھر)

********************************************************************

(17)☆ سوال: حضور ﷺ کی ولادت مکہ کے جس مکان میں ہوئی وہ کس پہاڑی کے قریب ہے؟

☆ جواب: '' صفا '' پہاڑی کے قریب ہے !

********************************************************************

(18)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے ؟

☆ جواب: '' حضرت عبداللہؓ ' حضرت آمنہؓ '' !

********************************************************************

(19)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا اور دادی کا نام کیا ہے ؟

☆ جواب: '' حضرت عبدالمطلب' فاطمہ بنت عمرو '' ہے !

********************************************************************

(20)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نانا اور نانی کا نام کیا ہے ؟

☆ جواب: '' وھب ' برّہ '' ہے !

(21)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا تعلق کس خاندان سے تھا ؟

☆ جواب: خاندانِ ''بنوزہرہ'' سے !

**************************************************************************************

(22)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق کس خاندان اور کس قبیلے سے ہے ؟

☆ جواب: خاندانِ '' بنی ہاشم '' اور قبیلۂ '' قریش ''سے ہے !

**************************************************************************************

(23)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دایہ بننے کا شرف کس مشہور صحابی کی والدہ کو حاصل ہوا؟

☆ جواب: حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کی والدہ ''حضرت بی بی الشفاؓ'' کو !

**************************************************************************************

(24)☆ سوال: حضور ﷺ کو آپکی والدہ کے علاوہ کتنی خواتین کو دودھ پلانے کی سعادت حاصل ہوئی ؟

☆ جواب: ''پانچ '' باسعادت خواتین کو !

**************************************************************************************

(25)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا ؟

☆ جواب: '' ثُوَیبَہ '' نے ! (ابولہب کی باندی تھیں)

**************************************************************************************

(26)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رضائی بھائی کا نام کیا تھا ؟

☆ جواب: '' عبداللہ '' !

**************************************************************************************

(27)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضائی بہن کا نام کیا تھا ؟

☆ جواب: '' شِیمَا '' !

**************************************************************************************

(28)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم امت کے لئے کیا ہیں ؟

☆ جواب: '' روحانی باپ '' !

**************************************************************************************

(29)☆ سوال: حضور ﷺ کی ازواج مطہرات امت کے لئے کیا ہیں اور انکی تعداد کتنی ہے؟

☆ جواب: امت کیلئے '' مائیں '' اور انکی تعداد '' تیرہ (13) '' ہے !

**************************************************************************************

(30)☆ سوال: حضور ﷺ سے جنت میں دنیا کی جن تین عورتوں کا نکاح ہوگا وہ کون ہیں؟

☆ جواب: حضرت عیسیٰؑ کی ماں حضرت مریمؑ ، حضرت موسیٰؑ کی بہن حضرت کلثومؑ ، فرعون کی بیوی حضرت آسیہؑ !

(31)☆ سوال: ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ نے کس کے ذریعہ حضور ﷺ کی طرف نکاح کا پیغام بھیجا؟

☆ جواب: حضرت نفیسہؓ کے ذریعہ !

**************************************************

(32)☆ سوال: حضور ﷺ سے نکاح کے بعد حضرت خدیجہ ؓ کتنے سال تک زندہ رہیں؟

☆ جواب: پچیس سال تک زندہ رہیں !

**************************************************

(33)☆ سوال: ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ کی وفات ہجرت سے کتنے سال پہلے ہوئی ؟

☆ جواب: تین سال پہلے !

**************************************************

(34)☆ سوال: ام المؤمنین حضرت خدیجہ ؓ کی وفات کس مہینہ میں ہوئی ؟

☆ جواب: رمضان کے مہینہ میں وفات ہوئی !

**************************************************

(35)☆ سوال: ام المؤمنین حضرت خدیجہ ؓ کی وفات کے کتنے دن بعد حضرت ابو طالب کا انتقال ہوا؟

☆ جواب: پینتیس ۳۵ یا پچپن ۵۵ دن بعد ہوا !

**************************************************

(36)☆ سوال: ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کی کنیت کیا تھی ؟

☆ جواب: ''اُمِّ عبداللہ'' ! (حضور ﷺ کے حکم پر اپنے بھانجے کے نام پر اپنی کنیت رکھی)

**************************************************

(37)☆ سوال: حضور ﷺ نے ام المؤمنین حضرت صفیہؓ کا ولیمہ کس چیز سے فرمایا تھا ؟

☆ جواب: کھجور اور ستو سے فرمایا !

**************************************************

(38)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے بیٹے ہیں ؟

☆ جواب: تین (3) بیٹے ☆ حضرت قاسمؓ ☆ حضرت عبداللہؓ ☆ حضرت ابراھیمؓ ہیں!

**************************************************

(39)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی بیٹیاں ہیں ؟

☆ جواب: چار (4) بیٹیاں ☆ سیدہ زینبؓ ☆ سیدہ رقیہؓ ☆ سیدہ اُمِّ کلثومؓ ☆ سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ ہیں!

**************************************************

(40)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک اعلان نبوت کے وقت کتنی تھی ؟

☆ جواب: چالیس (۴۰) سال !

(41)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے فرزند ''حضرت قاسمؓ'' کب پیدا ہوئے ؟

☆ جواب: اعلان نبوت سے پہلے پیدا ہوئے !

**********

(42)☆ سوال: قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے نام ہیں ؟

☆ جواب: سات نام ہیں ' محمد ' احمد ' یٰس ' طٰہٰ ' مدثر ' مزمل ' عبداللہ . !

**********

(43)☆ سوال: حضور ﷺ کا نام مبارک '' محمد ﷺ '' کیا اس سے پہلے کسی اور کا رکھا گیا تھا؟

☆ جواب: نہیں !

**********

(44)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چھ مشہور نام کیا ہیں ؟

☆ جواب:(۱)محمد۔ (۲)احمد۔ (۳)خاتم۔ (۴)حاشر۔ (۵)عاقب۔ (۶)ماحی !

**********

(45)☆ سوال: '' مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وسلم '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: '' خوب تعریف کیا ہوا '' !(حضور ﷺ کی تعریف کیا ہے یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے یہ کسی سے بیاں نہیں ہوسکتی)

**********

(46)☆ سوال: '' اَحْمَدُ صلی اللہ علیہ وسلم '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: ''زیادہ تعریف کرنے والے''! (اللہ کی تعریف کیا ہے یہ حضور ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں اور تعریف فرماتے ہیں)

**********

(47)☆ سوال: '' خَاتِمُ '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: '' مُهْرُ '' کو کہتے ہیں! (خاتم النبیین حضور ﷺ کا لقب ہے آپ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں)

**********

(48)☆ سوال: '' حَاشِرُ '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: '' جمع کرنے والے '' ! (یعنی آپ ﷺ قیامت کے قریب میں پیدا ہوئے ہیں جو جمع ہونے کا دن ہے)

**********

(49)☆ سوال: '' عَاقِبُ '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: '' بعد میں آنے والے ''!(آپ ﷺ کا نور سب سے پہلے پیدا ہوا اور آپکا ظھور سب سے آخر میں ہوا)

**********

(50)☆ سوال: '' مَاحِیُ '' کا معنی کیا ہے ؟

☆ جواب: '' مٹانے والے ''! (جولوگ آپ ﷺ کی اتباع کرینگے تو اللہ آپ ﷺ کے ذریعے انکے گناہ مٹادیگا)

(51)☆ سوال: تاریخ انسانی کے سب سے خوبصورت انسان کون ہیں ؟

☆ جواب: اللہ کے نور " محمد صلی اللہ علیہ وسلم " سب سے خوب صورت انسان ہیں!

***

(52)☆ سوال: وہ کونسے نبی ہیں جن کے جسم اطہر کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا ؟

☆ جواب: ہمارے نبی " محمد صلی اللہ علیہ وسلم " کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا !

***

(53)☆ سوال: ساری مخلوق میں اللہ کے سب سے چہیتے اور بزرگ بندے کون ہیں ؟

☆ جواب: ہمارے رسول " محمد صلی اللہ علیہ وسلم " ہیں !

***

(54)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا اہل کتاب (یہودی اور عیسائی) پہچانتے تھے ؟

☆ جواب: " ہاں " پہچانتے تھے ! (لیکن صرف حسد کی وجہ سے ایمان نہیں لائے)

***

(55)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے ؟

☆ جواب: " قرآن " !

***

(56)☆ سوال: حضور ﷺ پر قرآن مجید مکہ میں کتنے سال اور مدینہ میں کتنے سال نازل ہوا ؟

☆ جواب: " مکہ میں تیرہ 13 سال اور مدینہ میں دس 10 سال " !

***

(57)☆ سوال: قرآن مجید میں حضور ﷺ کو "محمد رسول اللہ" سے کس سورے میں یاد کیا گیا؟

☆ جواب: سورۂ " فَتح " میں ! (آیت نمبر-۲۹)

***

(58)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا "آپ کو ان چیزوں کا علم سکھایا جن کا آپکو علم نہیں تھا"؟

☆ جواب: سورۂ " النِّسَآء " میں ! (آیت نمبر-۱۱۳)

***

(59)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا "کیا ہم نے آپ کے سینہ کو نہیں کھول دیا ہے"؟

☆ جواب: سورۂ " اَلَمْ نَشْرَحْ " میں ! (آیت نمبر-۱)

***

(60)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا "ہم نے آپ کے بوجھ کو آپ پر سے اتار دیا"؟

☆ جواب: سورۂ " اَلَمْ نَشْرَحْ " میں ! (آیت نمبر-۲)

(61)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا'' آپکے رب نے نہ آپکو چھوڑا نہ آپ سے ناراض ہوا''؟

☆ جواب: سورۂ '' وَالضُّحٰی '' میں ! ( آیت نمبر۔۳ )

**************************************************

(62)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا'' آپکا رب آپکو اتنا دیگا کہ آپ راضی ہو جائینگے''؟

☆ جواب: سورۂ '' وَالضُّحٰی '' میں ! ( آیت نمبر۔۵ )

**************************************************

(63)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ( ظاہری ) کتنی ہے ؟

☆ جواب: ترسٹھ (63) سال !

**************************************************

(64)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے کس سے یہ فرمایا'' جو آپ نے پھینکا حقیقت میں آپ نے نہیں بلکہ اللہ نے پھینکا'؟

☆ جواب: '' حضور ﷺ '' سے ! (وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى)

**************************************************

(65)☆ سوال: اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ سے کس سورے میں فرمایا ''ہم نے آپکو فتح مبین عطا کیا'' ؟

☆ جواب: سورۂ '' فَتح '' میں ! (سورۂ فتح کی پہلی آیت میں فرمایا)

**************************************************

(66)☆ سوال: قرآن مجید میں کس نبی کے لئے '' اُمِّیْ '' لقب دیا گیا ؟

☆ جواب: '' حضور صلی اللہ علیہ وسلم '' کیلئے ! (حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تعلیم دی ہے )

**************************************************

(67)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو امی کس سورہ میں کہا گیا ؟

☆ جواب: سورۂ '' اَعْرَاف '' میں !

**************************************************

(68)☆ سوال: رسول لوگوں کو اللہ کی آیات پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں یہ بات کس کے بارے میں کتنی مرتبہ کہی گئی؟

☆ جواب: حضور ﷺ کے بارے میں دو مرتبہ !(سورۂ آلِ عمران۔آیت نمبر۔۱۶۴ ' سورۂ جمعہ۔آیت نمبر۔۲)

**************************************************

(69)☆ سوال: رسول لوگوں کا بوجھ ہلکا کر دیتے ہیں اور انکے پھندے کھول دیتے ہیں یہ بات کس کے بارے میں کہی گئی ہے؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ! (سورۂ اعراف۔آیت نمبر۔۱۵۷ میں )

**************************************************

(70)☆ سوال: رسول تم کو وہ سب کچھ سکھاتے ہیں جو تم نہ جانتے تھے یہ بات کس کے بارے میں کس سورہ میں کہی گئی؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سورۂ بقرہ آیت نمبر۔۱۵۱ میں !

**(71)** ☆ سوال: ''تمہارے پاس ایک رسول آئے ہیں جو تم ہی میں سے ہیں'' یہ کس رسول کے بارے میں کس سورہ میں ہے؟

☆ جواب: حضور ﷺ کے بارے میں' سورۂ توبہ آیت نمبر ۱۲۸ میں! ( لَقَدْ جَآئَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ )

---

**(72)** ☆ سوال: تمہاری تکلیف ان پر شاق گزرتی ہے ان پر سے کون مراد ہیں ؟

☆ جواب: ان پر سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ! ( عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ )

---

**(73)** ☆ سوال: رسول تمہارے فائدے کے خواہشمند ہیں یہ کس کے بارے میں کہا گیا ؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ! ( حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ )

---

**(74)** ☆ سوال: ایمان والوں سے بہت پیار کرنے والے اور ان پر ہمیشہ رحم کرنے والے ہیں یہ کس کی تعریف میں کہا گیا؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں ! ( بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْم )

---

**(75)** ☆ سوال: ہم نے آپ کو تمام انسانوں کیلئے بھیجا یہ کس پیغمبر کی شان ہے ؟

☆ جواب: یہ حضور ﷺ کی شان میں کہا گیا ! ( وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاس )

---

**(76)** ☆ سوال: ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انسانوں کیلئے بھیجا یہ کس سورہ میں ہے ؟

☆ جواب: سورۂ سبا۔ آیت نمبر۔ ۲۸ میں ! ( وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ )

---

**(77)** ☆ سوال: جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ حقیقت میں اللہ سے بیعت کرتے ہیں یہ بات کس کے بارے میں کہی گئی؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہی گئی !

---

**(78)** ☆ سوال: جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ حقیقت میں اللہ سے بیعت کرتے ہیں یہ بات کس سورہ میں کہی گئی؟

☆ جواب: سورۂ فتح میں ! (آیت نمبر۔ ۱۰ میں)

---

**(79)** ☆ سوال: وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ اللہ کے رسول اور آخری نبی سے کون مراد ہیں؟

☆ جواب: حضور ﷺ مراد ہیں ! (ہماری نبی ﷺ آخری نبی ہیں ان کے بعد کوئی نبی نہیں)

---

**(80)** ☆ سوال: اللہ کا فرمان وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کے بعد بھی کسی کے نبی ہونے کی کوئی گنجائش ہے ؟

☆ جواب: ہرگز نہیں ! (حدیث کے مطابق تقریباً 30 جھوٹے لوگ نبوت کا دعوی کرینگے' موجودہ دور کا فتنہ قادیانی جھوٹا فرقہ ہے' اللہ ہماری حفاظت فرمائے)

(81)☆ سوال: حضور ﷺ سے کس نے یہ سوال کیا تھا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ کیا آپ بوڑھے ہو گئے؟

☆ جواب: حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے !

****************************************

(82)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے اس سوال کا کیا جواب دیا؟

☆ جواب: مجھے سورۂ ہود، سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات وغیرہ کے نزول نے بوڑھا بنا دیا!

****************************************

(83)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں اعلان نبوت سے پہلے کونسی عادت بڑھ گئی تھی ؟

☆ جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم تنہا رہنے لگے تھے !

****************************************

(84)☆ سوال: حضور ﷺ کو اعلان نبوت سے پہلے جو خواب آتے تھے ان کی کیفیت کیا تھی؟

☆ جواب: وہ خواب سچے ہوتے تھے آپ ﷺ رات میں جو خواب دیکھتے دن میں ویسا ہی ظہور میں آجاتا تھا!

****************************************

(85)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا میں کیا تناول فرماتے تھے ؟

☆ جواب: سَتُّوْ (بھنے ہوئے جو کا آٹا) کھاتے اور پانی پیتے تھے !

****************************************

(86)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غارِ حرا میں کھانا کیسے آتا تھا ؟

☆ جواب: کبھی حضرت خدیجہ ؓ لاتیں اور کبھی خود حضور ﷺ تشریف لاتے اور دو تین روز کا کھانا ساتھ لیجاتے !

****************************************

(87)☆ سوال: حضور ﷺ کے سامنے غار حرا میں حضرت جبرئیل ؑ نے کونسا عمل کیا جسکو آپ ﷺ نے دہرایا؟

☆ جواب: وضو کیا !

****************************************

(88)☆ سوال: حضور ﷺ اور حضرت جبرئیل ؑ نے جب وضو فرمالیا تو دونوں نے کونسا عمل ساتھ میں کیا؟

☆ جواب: دونوں نے ساتھ مل کر نماز پڑھی !

****************************************

(89)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرئیل ؑ نے غار حرا میں کس پانی سے وضو کیا ؟

☆ جواب: حضرت جبرئیل ؑ نے زمین پر اپنا پر مارا جس سے ایک چشمہ نکلا اس کے پانی سے وضو کیا !

****************************************

(90)☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غار حرا سے تشریف لا کر کس کے سامنے وضو فرمایا ؟

☆ جواب: حضرت خدیجہ ؓ کے سامنے وضو فرمایا !

(91) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلان نبوت کا حکم ہوا تو اس وقت آپ ﷺ کہاں تھے؟

☆ جواب: غار حرا میں تھے !

***

(92) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلان نبوت کا حکم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟

☆ جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر پہنچ کر دین کی تبلیغ شروع فرمائی !

***

(93) ☆ سوال: حضور ﷺ کو اپنی قریبی رشتہ داروں کو ڈرانے کا حکم کس سورہ کی کس آیت میں دیا گیا؟

☆ جواب: سورۂ شعرآء کی آیت نمبر ۔۲۱۴ میں حکم دیا گیا ! (وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَکَ الْاَقْرَبِيْنَ)

***

(94) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ سے پہلے ہی دن کون کون مسلمان ہوئے ؟

☆ جواب: حضرت خدیجہؓ ، حضرت علیؓ ، حضرت ابوبکرؓ ، حضرت زیدؓ بن حارثہ مسلمان ہوئے!

***

(95) ☆ سوال: ان کے بعد چند ہی دنوں میں کون کون مسلمان ہوئے ؟

☆ جواب: حضرت بلالؓ ، حضرت عمروؓ ، حضرت خالدؓ بن سعید مسلمان ہوئے !

***

(96) ☆ سوال: نبی اور رسول کے معنی کیا ہیں ؟

☆ جواب: ''نبی'' غیب کی خبر بتانے والے اور ''رسول'' بھیجے گئے !

***

(97) ☆ سوال: انبیائے کرام علیہم السلام کو عموماً کتنی عمر میں نبوت عطا کی گئی ؟

☆ جواب: چالیس (۴۰) سال کی عمر میں !

***

(98) ☆ سوال: حضرت خدیجہؓ کے بعد عورتوں میں کون کونسی عورتیں مسلمان ہوئیں ؟

☆ جواب: حضرت ام الفضلؓ ، حضرت اسماءؓ بنت قیس، حضرت اسماءؓ بنت ابوبکرؓ ، حضرت فاطمہؓ بنت خطاب مسلمان ہوئیں!

***

(99) ☆ سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلان نبوت کا حکم کس مہینہ میں دیا گیا ؟

☆ جواب: ربیع الاول کے مہینہ میں !

***

(100) ☆ سوال: کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں؟

☆ جواب: ہاں بیشک'' زندہ '' ہیں !

This document was created with the Win2PDF “Print to PDF” printer available at

https://www.win2pdf.com

This version of Win2PDF 10 is for evaluation and non-commercial use only.
Visit https://www.win2pdf.com/trial/ for a 30 day trial license.

This page will not be added after purchasing Win2PDF.

https://www.win2pdf.com/purchase/